مولانا حامد الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار:

☆ ۱۰ مارچ ۲۰۱۶ء کو کانگڑہ شبقدر میں مدرسہ جامعہ عبداللہ بن مسعود کی افتتاحی تقریب سے خطاب فرمایا، تقریب میں شبقدر، مہمند ایجنسی، دوآبہ اور اطراف واکناف سے ہزاروں علماء طلباء نے شرکت کی، جس میں ایک بڑی تعداد دارالعلوم حقانیہ کے فضلاء کی تھی۔

☆ تحفظ اسلام علماء کنونشن ۱۳ مارچ ۲۰۱۶ء کے لئے لاہور کے لئے تشریف لے گئے، جمعیت علماء اسلام کے زیراہتمام آل پارٹیز مشاورتی اجلاس کی صدارت کی، جس میں تقریباً ۳۰ دینی سیاسی اور سماجی تنظیموں کے قائدین نے شرکت کی بعد میں علماء کنونشن سے خطاب فرمایا۔ اگلے روز ۱۵۔ مارچ کو لاہور منصورہ میں آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی اور خطاب فرمایا۔

☆ ۲راپریل کو لاہور میں نظام مصطفیٰ کانفرنس میں شرکت کی جس میں تمام مذہبی جماعتوں کے قائدین شریک رہے۔اس سے قبل یکم اپریل کو القادسیہ میں سربراہی میں شرکت کی۔

تبلیغی مرکز رائیونڈ سفر: حضرت مہتمم صاحب وفد سمیت تبلیغی مرکز رائیونڈ تشریف لے گئے جہاں دعوت وتبلیغ کی عالمگیر شخصیت حضرت حاجی عبدالوہاب صاحب مدظلہ سمیت دیگر اکابرین سے ملاقات کی، اس کے علاوہ مبلغ اسلام مولانا طارق جمیل صاحب سے بھی خصوصی نشست رہی، وفد میں مولانا حامد الحق، مولانا یوسف شاہ اور سید احمد شاہ بھی موجود تھے۔

ممتاز قادری شہیدؒ کے حوالے سے تعزیتی جلسہ: ممتاز قادری شہیدؒ کے بہیمانہ پھانسی کی دردناک خبر آتے ہی دارالعلوم حقانیہ میں نماز ظہر کے بعد وسیع مسجد میں تعزیتی جلسہ سے مولانا سمیع الحق، مولانا انوار الحق نائب مہتمم، مولانا عرفان الحق حقانی اور دیگر اساتذہ نے اپنی تقاریر میں شدید غم ورنج کا اظہار کیا گیا، اس کے بعد دارالعلوم کے اساتذہ کی قیادت میں ہزاروں طلبہ کا پرامن احتجاجی جلوس نکالا جو جی ٹی روڈ اکوڑہ سے ہوتا ہوا اڈہ اکوڑہ خٹک میں اختتام پذیر ہوا جس میں ہزاروں شہری بھی جلوس میں شامل ہوگئے۔

جمعیت علماء کے مرکزی قائدین کا دورہ لاہور: ۹رمارچ: (لاہور) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی قائدین مولانا حامد الحق حقانی، مولانا عبدالرؤف فاروقی، ظہیر الدین فاروقی، مولانا سید یوسف شاہ، مولانا عاصم مخدوم، مولانا احمد علی ثانی، غازی الدین بابر نے آج مختلف جماعتوں کے سربراہان دینی اداروں کے